FR-10

روزنامہ

1913ء سے جاری شدہ

الفضل

The ALFAZL Daily

ٹیلی فون نمبر 047-6213029

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

جمعہ یکم جنوری 2016ء 20 ربیع الاول 1437 ہجری یکم صلح 1395 ہش جلد 66-101 نمبر 1

سیٹلائٹ ملاقات

حضرت امام جعفر صادقؒ فرماتے ہیں۔

مومن جو امام قائم کے زمانہ میں مشرق میں ہوگا اپنے اس بھائی کو دیکھ لے گا جو مغرب میں ہوگا اور اسی طرح جو مغرب میں ہوگا وہ اپنے اس بھائی کو دیکھ لے گا جو مشرق میں ہوگا۔

(بحار الانوار جلد52ص391. شیخ محمد باقر مجلسی داراحیاء التراث العربی ۔ بیروت)

نئی ٹیکنالوجی کو نیکیوں، خدا اور اس کے رسولؐ سے محبت میں استعمال کرنا احمدی کا فرض ہے

خلیفہ وقت کی آواز وحدت کا نشان بن کر دنیا بھر میں گونج رہی ہے

دین کا خدا وہ زندہ خدا ہے جو چودہ سو سال پہلے کی گئی پیشگوئیوں کو آج بھی پورا فرما رہا ہے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کا 124ویں جلسہ سالانہ قادیان سے بیت الفتوح لندن سے اختتامی خطاب کا خلاصہ فرمودہ 28 دسمبر 2015ء

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے طاہر ہال بیت الفتوح لندن سے مورخہ 28 دسمبر 2015ء کو 124 ویں جلسہ سالانہ قادیان 2015ء سے اختتامی خطاب ارشاد فرمایا۔ حضور انور پاکستانی وقت کے مطابق ساڑھے تین بجے سہ پہر تشریف لائے۔ آپ کی آمد پر لندن اور قادیان کے جلسہ گاہ نعروں سے گونج اٹھے۔ حضور انور کا یہ خطاب ایم ٹی اے انٹرنیشنل پر مختلف زبانوں میں تراجم کے ساتھ براہ راست نشر کیا گیا۔ قادیان کے جلسہ گاہ کے نظارے بھی براہ راست دکھائے جارہے تھے۔

اجلاس کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا۔ مکرم فیروز عالم صاحب نے سورہ آل عمران کی آیات 133 تا 137 کی تلاوت کی اور ان کا اردو ترجمہ پیش کیا۔ مکرم سید عاشق حسین صاحب نے فارسی نظم پڑھی اور اس کا اردو ترجمہ پیش کیا۔ مکرم عمر شریف صاحب نے حضرت مسیح موعود کا منظوم کلام ۔

اے خدا اے کارساز و عیب پوش و کردگار
اے مرے پیارے مرے محسن مرے پروردگار

ترنم سے پیش کیا۔ تقریباً 4 بجے حضور انور نے خطاب کا آغاز فرمایا۔

حضور انور نے فرمایا کہ آج اللہ تعالیٰ پھر نئی ایجادات کے ذریعہ سے جو حضرت مسیح موعود کے زمانہ کے لئے مقدر تھیں تاکہ دنیا میں اکائی اور وحدت قائم ہو، مجھے یہاں لندن سے جلسہ سالانہ قادیان میں شامل ہونے کی توفیق عطا فرما رہا ہے اور یہ جو ٹیکنالوجی حضرت مسیح موعود کے زمانہ میں شروع ہوئی۔ روز بروز اس میں اضافہ اور اشاعت دین کا کام ہونا اور وحدت کا قائم ہونا قرآن کریم کے الٰہی کلام ہونے کی دلیل ہے۔ یہ اس بات کی دلیل ہے کہ دین کا خدا ایک زندہ خدا ہے اور چودہ سو سال پہلے کی پیشگوئیوں کو بڑی شان سے پورا کر رہا ہے۔ آج بھی وہ خدا فساد زدہ دنیا کی آہ و بکا سنتا ہے اور ان کی رہنمائی فرماتا ہے اور غموں کو دور کرتا ہے اور ایسے واقعات جماعت احمدیہ کی تاریخ میں سینکڑوں ہزاروں ہیں۔

حضور انور نے فرمایا کہ نئی ٹیکنالوجی کی وجہ سے فاصلے کم ہوگئے ہیں۔ مہینوں کے سفر گھنٹوں میں ہونے لگے ہیں۔ جہاں نیکی ہے وہاں بدی بھی ہے۔ فرشتوں کے ساتھ ساتھ شیطان بھی موجود ہے۔ یہی حال نئی ایجادات کا ہے یہ ایجادات بھی شیطانی کاموں کو پھیلانے میں اپنی تمام تر صلاحیتیں صرف کررہی ہیں۔ جن کی وجہ سے دنیا خدا سے دور ہورہی ہے۔ اس وقت صرف ایم ٹی اے وہ چینل ہے جو اللہ اور اس کے رسولؐ کی باتوں میں لگا ہوا ہے۔ ہمیں یہ یاد رکھنا چاہئے کہ اس نئی ٹیکنالوجی کو بھٹکنے کے لئے نہیں بلکہ نیکیوں میں بڑھنے کے لئے اور خدا تعالیٰ کی محبت اور اس کے رسول کی محبت میں ترقی کے لئے اور مسیح موعود سے رشتہ تعلق محبت میں بڑھنے کے لئے استعمال کرنا ہے۔ یہ اللہ تعالیٰ کا احسان ہے کہ باوجود تھوڑے ہونے کے، وسائل کی کمی کے باوجود ایسا ذریعہ عطا فرما دیا ہے کہ جس سے ہم چوبیس گھنٹے جب چاہیں اپنی روحانی پیاس بجھا سکتے ہیں۔

حضور انور نے فرمایا کہ آج خلیفہ وقت کی آواز وحدت کا نشان بن کر ہر جگہ گونج رہی ہے۔ پس خوش قسمت ہیں وہ جو اس وحدت کا حصہ بنے ہیں۔ خوش قسمت ہیں وہ جو مسیح موعود کی بستی میں ہیں اور حضرت مسیح موعود کے ادنیٰ غلام اور خلیفہ وقت کی باتیں سن رہے ہیں۔ اگر دنیا کی مخالفت مول لے کر مسیح موعود کو مانا ہے تو اس کا حقیقی شکر بھی ادا کرنے والا ہونا چاہئے۔ آج سے 108 سال پہلے ایک ایسی ہی تقریب قادیان میں ہورہی تھی، یہی مہینہ اور یہی دن تھے۔ جب چند سو لوگ جمع تھے کہ اللہ اور اس کے رسول کی باتیں سن لیں۔ وہ لوگ ہندوستان سے جمع ہوئے تھے۔ لیکن آج ہندوستان سے باہر دنیا کے تقریباً 43 ممالک سے سات، آٹھ ہزار لوگ اس بستی میں جمع ہیں۔

108 سال پرانی مجلس کی رونق خود مسیح موعود تھے۔ خدا کا فرستادہ تھا جو دلوں کی صفائی کر رہا تھا۔ غریب لوگوں کو بتا رہا تھا کہ خدا تعالیٰ ہمارے ساتھ ہے ایک وقت آئے گا کہ دنیا میں یہ بستی جانی جائے گی اور آج ہم اس کی صداقت کے گواہ ہیں۔ آپ سب جو یہاں موجود ہیں اس کی صداقت کے گواہ ہیں۔

باوجود مخالفت کے سعید روحیں احمدیت میں شامل ہورہی ہیں۔ عربوں میں سے بھی آرہے ہیں۔ عربوں کا یہ کام ہے کہ وہی علم و دینی فراست دوبارہ اپنے اندر پیدا کریں۔ حضرت مسیح موعود کا پیغام تمام عرب میں پھیلا دیں۔ آج کئی افریقن ممالک ہیں جن میں سال میں ہی لاکھ لاکھ لوگ سلسلہ احمدیت میں آتے ہیں۔ حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں جانتے ہو اس (مخالفت) میں کیا حکمت ہے۔ حکمت یہ ہے کہ اللہ جلشانہٗ جس کو مبعوث کرتا ہے اور جو واقعی خدا کی طرف سے ہوتا ہے وہ روز بروز ترقی کرتا ہے اور بڑھتا ہے اس کا سلسلہ دن بدن رونق پکڑتا جاتا ہے۔ اس کو روکنے والا دن بدن تباہ ہوتا جاتا ہے۔ اس کے مخالف آخرکار بڑی حسرت سے مرتے ہیں۔

حضور انور نے حضرت مسیح موعود کی خدائی تائیدات کے حوالے سے چند واقعات بیان فرمائے کہ کس طرح خدا تعالیٰ آپ کے وعدوں کو پورا فرما کر لوگوں کو اس سلسلہ میں داخل کر رہا ہے۔

حضور انور نے فرمایا کہ آج دین حق کا جھنڈا مرزا غلام احمد قادیانی کے ساتھ مل کر ہی دنیا میں لہرایا جاسکتا ہے۔ آپ کے ساتھ جڑ کر ہی دنیا کو حق کی غلامی میں لایا جاسکتا ہے۔ پس اس کے لئے ہر احمدی کو اپنا حق ادا کرنے کی کوشش کرنی چاہئے۔ حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں۔ خدا تعالیٰ اپنی تائیدات اور نشانوں کو ابھی ختم نہیں کرچکا اور اس ذات کی مجھے قسم ہے کہ وہ بس نہیں کرے گا، جب تک میری سچائی دنیا پر ظاہر نہ کردے۔

حضور انور نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ لوگوں کے سینے کھولے اور ہم دنیا کی اکثریت کو آنحضرتؐ کی غلامی میں آتا دیکھ لیں۔ حضور انور نے بنگلہ دیش میں ہونے والے بم دھماکہ کا ذکر کیا کہ کس طرح خدا نے احمدیوں کو محفوظ رکھا اور ساتھ ہی جماعت کی انتظامیہ کو صحیح حفاظت کے سامان کی طرف توجہ دلائی۔

خطاب کے بعد حضور انور نے فرمایا کہ قادیان میں جلسہ کی حاضری 19 ہزار 134 افراد ہیں اور 44 ممالک کی نمائندگی ہے۔ یہاں لندن میں 5 ہزار 340 حاضری ہے۔ اس کے بعد حضور انور نے دعا کروائی۔

خطاب کے بعد جلسہ گاہ قادیان سے مختلف نظمیں و ترانے پیش کئے گئے۔

نیا سال مبارک ہو

اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے نیا سال 2016ء تمام احمدیوں کیلئے ہر لحاظ سے خیر و برکت کا موجب بنائے اور سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی قیادت میں احمدیت ہمیشہ کی طرح ترقیات کی منازل طے کرتی رہے۔ اللہ تعالیٰ ہر احمدی کو ہر شر سے محفوظ رکھے۔ نیز انفرادی اور اجتماعی کامیابیوں اور کامرانیوں سے نوازتا رہے۔ عالمگیر جماعت احمدیہ کو ادارہ الفضل کی طرف سے نیا سال مبارک ہو۔

کل عامٍ و انتم بخیر

الفضل بہت سی مشکلات کا شکار ہے۔ احباب کرام سے دعا کی خصوصی درخواست ہے۔

مرسلہ: نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ

خطبات امام وقت سوال وجواب کی شکل میں

بسلسلہ تعمیل فیصلہ جات مجلس شوریٰ 2013ء

خطبہ جمعہ 27 نومبر 2015ء

س: جاپان کی بیت الذکر کے حوالہ سے حضور انور نے کیا ارشاد فرمایا؟

ج: فرمایا! گزشتہ دنوں میں جاپان کی بیت الذکر کے افتتاح کیلئے گیا تھا وہاں اگر ظاہری حالات کو دیکھا جائے تو یہ بہت مشکل امر تھا کہ بیت الذکر بن سکے۔ ہمارے وکیل جو جاپانی ہیں مجھے ملے اور کہنے لگے کہ بیت الذکر کی تکمیل آپ کو مبارک ہو لیکن میں اب بھی سوچتا ہوں اور حیران ہوتا ہوں اور یقین نہیں ہوتا کہ اس علاقے میں آپ کو بیت الذکر بنانے کی اجازت مل گئی۔ کہنے لگے کہ میں آپ کیلئے کیس تو لڑ رہا تھا لیکن مجھے توقع نہیں تھی کہ کوئی کامیابی ہو اس لئے ایک موقع پر میں نے جماعت کی انتظامیہ کو کہہ دیا کہ اس معاملے کو چھوڑیں تو زیادہ بہتر ہے لیکن جماعت کے افراد کا توکل بھی عجیب ہے۔ انہوں نے کہا کہ تم کوشش کرتے رہو۔ یہ جگہ ہمیں ملے گی اور بیت الذکر بھی بنے گی۔

س: حضرت مسیح موعود نے جاپانیوں کی ہدایت کے لئے کس لائحہ عمل کی خواہش کا اظہار فرمایا تھا؟

ج: حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ جاپانیوں کے واسطے ایک کتاب لکھی جائے اور کسی فصیح و بلیغ جاپانی کو ایک ہزار روپیہ دے کر ترجمہ کروایا جائے اور پھر اس کا دس ہزار نسخہ چھاپ کر جاپان میں شائع کر دیا جائے۔ آپ نے یہ بھی فرمایا کہ جاپان میں نیک فطرت لوگ احمدیت قبول کریں گے۔

س: حضرت مسیح موعود نے دین حق کا تعارف کروانے کا اہم ذریعہ کیا بیان فرمایا؟

ج: حضرت مسیح موعود نے فرمایا تھا کہ دین حق کا تعارف کروانا ہو تو بیت الذکر بنا دو۔ لوگوں کی توجہ پیدا ہوگی۔ یہ بات بڑی شان کے ساتھ پوری ہوتی ہمیں ہر جگہ نظر آتی ہے۔

س: ایک بدھسٹ کے تاثرات کس طرح بدل گئے؟

ج: فرمایا! ایک پریسٹ جن کا نام Taijun Sato تائی جون ساتو ہے وہ کہتے ہیں کہ ایک بدھسٹ کے طور پر بیت الذکر میں داخل ہو کر بہت اچھا لگا۔ ہمارا تو خیال تھا کہ غیر مسلم اور بدھسٹ کے طور پر بیت الذکر میں داخلہ منع ہے لیکن نہ صرف یہ کہ گرمجوشی سے ہمارا استقبال کیا گیا بلکہ نماز اور خطبہ میں شامل ہو کر ہمیں دلی خوشی ہوئی دین حق کے بارے میں ہمارا تاثر تبدیل ہو گیا۔

س: ایک سٹی ممبر آف پارلیمنٹ نے بیت الذکر اور جماعت کی خدمات کے متعلق کیا کہا؟

ج: فرمایا! اشینو ما کی Ishinomaki سٹی کے ممبر پارلیمنٹ ہیں ایک ہزار کلومیٹر کا سفر طے کر کے بیت الذکر کی تقریب میں شامل ہونے کے لئے آئے تھے۔ کہتے ہیں یہ خوبصورت بیت الذکر دیکھتے ہی میری ساری سفر کی تھکان دور ہو گئی۔ پھر انہوں نے کہا کہ جماعت احمدیہ نے جاپان میں زلزلوں میں خدمت کے ذریعہ جو نیک نامی کمائی ہے امید ہے کہ یہ بیت الذکر اس نیک نامی کو بڑھانے کا باعث بنے گی۔

س: ایک بدھ پریسٹ نے امام جماعت احمدیہ کی جاپان میں آمد کے متعلق کیا کہا؟

ج: فرمایا! ایک بدھ پریسٹ کہتے ہیں کہ امام جماعت احمدیہ کی آمد بہت ہی اچھے وقت پر ہوئی جبکہ ہم پیرس میں دہشت گردی کے بعد ایک ہیجانی کیفیت میں مبتلا تھے۔ کہتے ہیں کہ جس خوبصورتی اور آسان فہم انداز میں انہوں نے بات کی ہے اور دین حق کی تعریف کی اس سے یہ ہیجانی کیفیت جو ہمارے دلوں میں دین حق کے بارے میں گھر کئے ہوئے تھی ختم ہو گئی۔

س: بیت الذکر جاپان کے حوالہ سے منعقدہ ریسپشن کب ہوئی اور کتنے مہمان شامل ہوئے؟

ج: فرمایا! ہفتہ کی شام کو بیت الذکر جاپان کے حوالے سے ایک reception بھی تھی۔ اس تقریب میں بھی تقریباً 109 جاپانی مہمان اور آٹھ دیگر غیر ملکی غیر از جماعت مہمان شامل ہوئے۔ ان مہمانوں میں پریذیڈنٹ اے ایم ایس سٹی انٹرنیشنل ایسوسی ایشن، ممبران پارلیمنٹ، تین سٹی ممبران پارلیمنٹ، ڈائریکٹر آف انٹرنیشنل ٹورازم، پریذیڈنٹ پریسٹ آف سوٹو ٹمپل، یونیورسٹی کے پروفیسر، پریذیڈنٹ آئی چی ایجوکیشنل یونیورسٹی، ڈاکٹرز، ٹیچرز، وکلاء اور دیگر مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے لوگ شامل تھے۔

س: ایک جاپانی خاتون نے اپنے تاثرات کا اظہار کن الفاظ میں کیا؟

ج: فرمایا! ایک خاتون Yuki Sngisaki یوکی سنگسا کی صاحبہ کہتی ہیں کہ اس پُر وقار تقریب پر دعوت کے لئے تہہ دل سے شکریہ ادا کرتی ہوں۔ اس شہر میں اتنی شاندار بیت الذکر کا بننا ہمارے لئے بھی بہت خوشی کی بات ہے۔ میں ایک یونیورسٹی کی طالبعلم ہوں اور مختلف مذاہب پر تحقیق کر رہی ہوں۔ اس تقریب میں شامل ہونے کے بعد مجھے احساس ہوا ہے کہ ہمارا دین حق کے بارے میں علم بہت تھوڑا ہے جس کی وجہ سے ہم غلط فہمی کا شکار ہیں۔ امام جماعت احمدیہ کے خطاب سے دین حق کے بارے میں بہت کچھ سیکھا ہے۔ ہمیں پتا چلا کہ دین حق اصل میں کیا چیز ہے۔ امام جماعت احمدیہ اور ان کی جماعت سے ملنے کا موقع ملا۔ باہمی محبت اور امن اور آشتی مجھے ان کے چہروں پر نظر آئی اور ان سے ملاقات کرنے کے بعد مجھے ان میں بہت پیار اور محبت نظر آئی۔

س: بیت الذکر کے قریب رہنے والے ایک دوست نے اپنے تأثرات کا اظہار کن الفاظ میں کیا؟

ج: فرمایا! ایک اور جاپانی دوست انوکین صاحب کہتے ہیں کہ میں بیت الذکر کے پاس ہی رہتا ہوں۔ میں چاہتا ہوں کہ اب دین حق کے بارے میں مزید معلومات کے لئے آئندہ بھی اس بیت الذکر میں آتا رہوں۔ پھر ایک اور جاپانی دوست کہتے ہیں کہ جماعت احمدیہ کے خلیفہ کا خطاب سن کر مجھے پہلی بار علم ہوا ہے کہ بیت الذکر کے مقاصد کیا ہیں۔ ایک جاپانی ڈاکٹر آرتھوپیڈک سرجن کہتے ہیں کہ یہ احمدی جو ہیں جاپان سے ان کا کافی تعلق ہے گزشتہ تین سال سے خدمت خلق کے لئے ہمارے ساتھ ہیومینٹی فرسٹ کے ذریعہ کام کر رہے ہیں اور رضا کارانہ طور پر باوجود اس کے ہم احمدی نہیں ہیں اپنے آپ کو پیش کرتے ہیں۔ یہ کہتے ہیں جو دین حق امام جماعت احمدیہ نے پیش کیا ہے اس کے ماننے میں کسی شنتو کے پیروکار عیسائی بدھسٹ یا کسی اور مذہب کے پیروکار کو کوئی عار نہیں ہونا چاہئے۔

س: ایک برازیلی طالب علم نے اپنے جذبات کا اظہار کن الفاظ میں کیا؟

ج: فرمایا! ایک طالبعلم جو برازیل سے ایکسچینج پروگرام کے تعلق میں جاپان آئے ہوئے تھے کہتے ہیں کہ بہت ہی دلچسپ تقریب تھی۔ آج خلیفۃ المسیح کی باتیں سن کر میں نے دین حق کے بارے میں بہت کچھ سیکھا ہے۔ کوئی شک نہیں کہ ان کے الفاظ دلوں کو بدلنے والے ہیں۔ پھر کہتے ہیں کہ دین حق کی اصل تعلیمات تو بہت اچھی ہیں اس سے پتہ چلتا ہے کہ میڈیا جو بتاتا ہے وہ حقیقت سے بالکل مختلف ہے۔

س: ایک ٹیچر جو اپنے طلباء کے ساتھ آئی ہوئی تھیں انہوں نے دین کے متعلق کیا رائے قائم کی؟

ج: فرمایا! ایک سکول کی ٹیچر جاپانی خاتون جو اپنے بہت سارے سٹوڈنٹ لے کر پندرہ سولہ سٹوڈنٹ تھے اور چار پانچ ٹیچر تھے، آئی ہوئی تھیں کہتی ہیں کہ جماعت احمدیہ کے خلیفہ کا خطاب سننے سے پہلے دفتر میں ان سے ملاقات کا بھی موقع ملا۔ خلیفۃ المسیح نے ملاقات کے دوران اور پھر بعد میں اپنے خطاب کے ذریعہ میرے تمام سوالات کے جوابات دے دیئے۔ اب میرا پختہ یقین ہے کہ دین حق ایک امن کا مذہب ہے۔ بیت الذکر میں اپنے آپ کو بہت محفوظ سمجھنے لگے جیسے پہلے خطرہ تھا۔ کہتی ہیں کہ میں چاہتی ہوں کہ جاپانیوں اور احمدیوں کے بیچ اس تعلق میں اضافہ ہوتا چلا جائے۔ اس بیت الذکر کے ذریعہ جاپان میں دین حق پھیلنے لگ جائے گا۔

س: کن جاپانی ٹی وی چینلز نے بیت الاحد کی افتتاحی تقریب کے متعلق خبریں دیں؟

ج: Chukyo Tv (چوکیو) یہ وسطی جاپان کا مشہور ٹی وی چینل ہے، Tokai ٹی وی، TBS Tv چینل، Tv Aichi، ناگویا Tv۔

س: Chukyo Tv نے کیا خبر نشر کی؟

ج: فرمایا! اس نے جو خبر نشر کی وہ یہ تھی کہ جاپان کی سب سے بڑی بیت الذکر کا افتتاح آج ہوا اور یہ قریباً چھ سات منٹ کی خبر انہوں نے دی جمعہ والے دن۔ ان کے ناظرین کی تعداد بھی ایک کروڑ بیس لاکھ سے زائد ہے۔ پھر اس نے بیان کیا کہ جماعت احمدیہ کے امام نے کہا کہ یہ بیت الذکر ہر ایک کے لئے امن کا گہوارہ ہے۔ امام جماعت احمدیہ نے پیرس کے حملوں کی بھرپور مذمت کی۔ اس چینل نے انٹرویو بھی لیا تھا اور پھر میرے انٹرویو کے چنیدہ حصے بھی دکھائے۔

س: The Daily Yomiuri اخبار نے جماعت احمدیہ کے حوالہ سے کیا خبر دی؟

ج: فرمایا! ایک اخبار The Daily Yomiuri (یومی اوری) اس کی اشاعت ایک کروڑ بارہ لاکھ ہے۔ یہ دنیا کی سب سے زیادہ فروخت ہونے والی اخبار شمار ہوتی ہے۔ اس اخبار نے اس طرح سرخی لگائی کہ ''دین حق کا اصل چہرہ نئی تعمیر شدہ بیت الذکر میں''۔ سانحہ پیرس کے ہلاک شدگان کے لئے دعا کی گئی۔ خطبہ جمعہ میں امام جماعت احمدیہ عالمگیر نے اپنے خطاب میں سانحہ پیرس کو انسانیت کے خلاف ایک گھناؤنا جرم قرار دیتے ہوئے شدت پسند تنظیم کی بھرپور مذمت کی اور اپنی جماعت کے افراد کو تلقین کرتے ہوئے اس امر کی طرف توجہ دلائی کہ وہ جاپانی قوم تک دین حق کی اصل تعلیم پہنچانے کی ذمہ داری اٹھائیں۔ اس خبر کو انٹرنیٹ پر بھی پانچ دیگر ویب سائٹس نے ڈالا جن میں yahoo japan اور big globe japan، msn japan اور google news شامل ہیں۔ ان سب ویب سائٹس کے ناظرین کی کل تعداد بھی ڈیڑھ کروڑ سے زیادہ ہے۔

س: کن جاپانی اخبارات نے بیت الاحد کی افتتاحی تقریب کے متعلق خبریں دیں؟

ج: فرمایا! The Daily Yomiuri ڈیلی اساہی Daily Asahi، جی جی پریس نیوز ایجنسی (JiJi Press News Agency) Mainichi Shinbun۔

س: میڈیا کے ذریعہ مجموعی طور پر کتنے لوگوں تک بیت الاحد کی افتتاحی تقریب اور خلیفہ وقت کا پیغام پہنچا۔

ج: فرمایا! ٹی وی چینلز، اخبارات، انٹرنیٹ اور ویب سائٹس کے ذریعہ سے مجموعی طور پر تقریباً 5 کروڑ 20 لاکھ افراد تک دین حق کا پیغام پہنچا ہے۔

س: Tokyo میں Reception کے حوالہ سے کیا تفصیل بیان ہوئی؟

ج: فرمایا! اسی طرح ٹوکیو میں بھی بیت الذکر کے افتتاح کی ایک ریسپشن تھی جس میں 63 جاپانی مہمان شامل ہوئے جس میں بدھسٹ فرقہ کے

باقی صفحہ 8 پر

فائنل پرچہ کتب حضرت مسیح موعود

(بسلسلہ تعمیل فیصلہ جات مجلس شوریٰ 2015ء)

دفتری استعمال

ID: ____________

حاصل کردہ نمبر

کل نمبر 100

ہدایات: (1) یہ پرچہ 31 جنوری 2016ء تک نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ بجھوا کر ممنون فرمائیں۔ نیز بذریعہ فیکس نمبر:047-6213590 یا ای میل:nazarat.markazia@gmail.com بھی بھجوا سکتے ہیں (2) پرچہ پر اپنا نام، ولدیت یا زوجیت، تنظیم، جماعت اور ایڈریس صاف اور واضح لکھیں تا کہ آپ کو جو سند ملے اس پر آپ کے کوائف درست پرنٹ ہوں۔ (3) حصہ اول کے ہر سوال کے دو نمبر ہیں۔ حصہ دوم کے ہر سوال کے تین نمبر اور حصہ سوم کے ہر سوال کے دس نمبر ہیں۔ کل 100 نمبر کا پرچہ ہے۔

نوٹ:۔ اپنا پرچہ خود حل کریں اگر لکھ نہیں سکتے تو کسی سے لکھوالیں۔ ہر احمدی کو اس میں شامل ہونا چاہئے اللہ تعالیٰ ہم سب کو اس کی توفیق عطا فرمائے۔ سید محمود احمد **(ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ)**

نام .... ولدیت/ زوجیت .... ذیلی تنظیم ....

نام جماعت/ حلقہ .... ضلع .... پتہ .... دستخط مع تاریخ ....

حصہ اول

سامنے دیئے گئے تین آپشنز میں سے صحیح جواب کا نمبر آخری خانہ میں درج کریں۔ (20)

نمبر شمار	سوال	آپشنز	درست نمبر
1	خالص علم الٰہی کو کیا کہتے ہیں؟	(1) محبت (2) پیشگوئی (3) معجزہ	
2	امتحان کا ذریعہ کیا ہے؟	(1) روشنی (2) مقابلہ (3) حکمت	
3	قرآن شریف کی کتنی آیات سے وفات مسیح کا استدلال ہوتا ہے؟	(1) 30 (2) 40 (3) 50	
4	عربی میں نزیل کس کو کہتے ہیں؟	(1) مقیم (2) رفیق (3) مسافر	
5	حدیث میں حضرت عیسیٰؑ کی عمر کی بابت کیا بیان ہوا ہے؟	(1) 60 (2) 120 (3) 70	
6	سلسلہ خلافت محمدیہ کے بارہویں خلیفہ کون ہیں؟	(1) سید عبدالقادر جیلانیؒ (2) سید احمد بریلویؒ (3) شیخ سعدیؒ	
7	خدا تعالیٰ کو سب سے زیادہ کون سی چیز پیاری ہے؟	(1) عبودیت (2) قدرت (3) توحید	
8	خاتم المخلوقات کون ہے؟	(1) حضرت آدم علیہ السلام (2) حضرت مسیح علیہ السلام (3) حضرت موسیٰ علیہ السلام	
9	خدا کے فرستادہ کو عربی میں کیا کہتے ہیں؟	(1) ولی (2) خلیفہ (3) رسول	
10	تمام صادقوں کا بادشاہ کون ہے؟	(1) حضرت محمد ﷺ (2) حضرت ابراہیم علیہ السلام (3) حضرت موسیٰ علیہ السلام	

حصہ دوم

مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جوابات دیں۔ (30)

1۔ قرآن کریم کے مطابق خیر البریہ کون سا گروہ ہے؟

....

2۔ حضرت مسیح موعود نے صادقوں کی کیا نشانی بیان فرمائی ہے؟

....

3۔ خدا پر افتراء کرنا کن لوگوں کا کام ہے اور ان کا انجام کیا ہوتا ہے؟

....

4۔ خدا کے نشان کن لوگوں کی تصدیق اور شناخت کے لئے ہوتے ہیں؟

....

5۔ خدا کی محبت کس چیز سے وابستہ ہے؟

....

6۔ طبیبوں کے مطابق مرہم عیسیٰ کس لئے مفید ہے؟

....

7۔ معراج کے لئے رات کیوں مقرر کی گئی؟

....

8۔ آسمان کے پھٹنے سے کیا مراد لیا جاتا ہے؟

....

....

9۔ توحید الٰہی کی جڑ کیا ہے؟

....

....

10۔ شعر مکمل کریں؟

یارو جو مرد آنے کو تھا وہ تو آچکا

....

....

حصہ سوم

مندرجہ ذیل سوالات میں سے پانچ کے تفصیلی جوابات لکھیں۔ (50)

سوال نمبر 1: قرآن شریف کی رو سے جہاد کی تعلیم کی وضاحت کریں۔

جواب :

سوال نمبر 2: صحیح بخاری کی حدیثوں میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور حضرت مسیح موعود کا کیا حلیہ بیان ہوا ہے؟

جواب :

سوال نمبر 3: حضرت مسیح موعود نے ایمانوں کی مضبوطی اور دلوں کو پاک کرنے کے بارہ میں اپنی جماعت کو کیا نصائح فرمائیں؟

جواب :

سوال نمبر 4: آسمانی نشانوں کے محرک کون ہوتے ہیں اور یہ نشان کب ظاہر ہوتے ہیں؟

جواب :

سوال نمبر 5: دو زرد چادروں کی حقیقت بیان کریں جن کے بارے میں حدیثوں میں ذکر ہے کہ ان دو چادروں میں مسیح نازل ہوگا۔

جواب :

سوال نمبر 6: حضرت مسیح موعود کی صداقت کا زمینی نشان کون سا ہے؟

جواب :

مرسلہ: مکرم مرزا خلیل احمد قمر صاحب

شذرات
قابل فکر موضوعات پر دانشوروں کے اقتباسات

ڈاکٹر عبدالسلام نوبیل لاریٹ

معروف مصنفہ کشور ناہید نے اپنی کتاب میں ڈاکٹر صاحب کا ذکر کرتے ہوئے لکھا۔

آپ ایسی شخصیت سے کبھی نہیں ملے ہوں گے۔ جب اپنا نوبیل انعام لینے گئے تو پیر میں کھسہ شلوار اور شیروانی اور سر پر کلہ۔ یہ تھے ہمارے اور آپ کے ڈاکٹر عبدالسلام۔ ان کو پاکستانی کہہ کر بلایا گیا۔ نوبیل انعام دیا گیا، مگر حکومت پاکستان نے تو ان کو نہ تسلیم کیا، نہ ملک میں آکر کوئی استقبالیہ دیئے دیا۔ قائداعظم یونیورسٹی میں ایک تقریب کا انعقاد کیا گیا مگر وہاں کیا ہوا۔ ڈاکٹر عبدالسلام پر گندے انڈے اور ٹماٹر پھینکے گئے ان کا قصور یہ تھا کہ وہ احمدی تھے۔ پاکستان سے محبت کرتے تھے۔ پانچ وقت کی نماز پڑھتے تھے۔ اپنے وطن میں دفن ہونا چاہتے تھے۔ ہم سب کی ان سے ملاقات شریف جنجوعہ نے کروائی تھی۔ ہم لوگ پھولے نہیں سما رہے تھے کہ ہمارے ملک کا اتنا بڑا آدمی، بہت نرم اور دھیمے لہجے میں ہر ایک کی بات سن رہا تھا۔

(کشور ناہید کی ڈائری صفحہ 80۔ سنگ میل پبلی کیشنز لاہور)

فلاحی ریاست کا فارمولہ

دانشور سلیم زار لالہ نے اپنے انٹرویو میں بیان کیا۔

سوال......ملک کو فلاحی ریاست بنانے کا کوئی فارمولہ ہے؟

جواب 11؍اگست 1947ء کو بانی پاکستان نے دستور ساز اسمبلی سے خطاب کرتے ہوئے جو سمت متعین کی تھی اسے آئین کا دیباچہ بنایا جائے، مملکت کے کاروبار سے مذہب کا تعلق ختم کردو، ملک خودبخود ویلفیئر سٹیٹ بن جائے گا۔ محمد علی جناح نے سر ظفر اللہ خان اور جوگندر ناتھ منڈل کو اہم ترین انتظامی ذمہ داریاں سونپ کر واضح کر دیا تھا کہ اس ملک کے تمام شہری بلا تفریق رنگ و نسل اور عقیدہ برابر ہوں گے۔

سوال......آئین میں تو اب بھی یہ بات موجود ہے پھر اسلامی جمہوریہ پاکستان سے اختلاف کیسا؟

جواب ......صرف لیبل روح افزاء کا ہے، غیر مسلم پاکستانی شہری ملک کا صدر یا وزیراعظم کیوں نہیں بن سکتا، قرارداد مقاصد نے انسانی مساوات کے تصور اور جمہوری بنیاد کو نقصان پہنچایا، جاگیردارانہ نظام کی جڑیں اس سے مضبوط ہوئیں، ہر قسم کے استحصال سے پاک سماجی انصاف پر مبنی ایک غیر طبقاتی سماج کا قیام اس ملک کی بقا کے لئے ناگزیر ہے، ترقی تب ہی ممکن ہوگی جب جاگیرداری کا خاتمہ اور سوشل ازم کا رواج ہوگا، تمام مسائل کا حل ایک سیکولر نظام ہے۔

(ہفت روزہ ہم شہری 5 جنوری تا 11 جنوری 2015ء صفحہ 27,26)

قیام پاکستان کے حامی اور مخالف حلقے

قیوم نظامی اپنے کالم منظر نامہ میں مندرجہ بالا عنوان سے لکھتے ہیں۔

کانگرس تقسیم ہند کی مخالف سب سے بڑی جماعت تھی۔ کانگرس میں شامل مسلمان جن کی قیادت مولانا ابوالکلام آزاد کر رہے تھے۔ مسلم لیگ کے سیاسی نظریے کے خلاف تھے اور متحدہ ہندوستانی نیشنل ازم کے حامی تھے۔ جمعیت علمائے ہند کا بڑا حصہ جو مذہبی سکالروں پر مشتمل تھا قیام پاکستان کے خلاف تھا ان کی سوچ یہ تھی کہ ہندوستان میں رہتے ہوئے مسلمانوں کے سیاسی اور معاشی مفادات کا دفاع کیا جائے۔ قیام پاکستان کے کٹر مخالف علماء میں مفتی کفایت اللہ اور مولانا حسین احمد مدنی شامل تھے۔ جمعیت العلمائے ہند کے دو جریدوں مدینہ (بجنور) اور الجمعیت (دہلی) نے کانگرس کا مقدمہ لڑا۔ ایک مستند رپورٹ کے مطابق مولانا کفایت اللہ اور مولانا حسین احمد مدنی نے قائداعظم سے پاکستان کا مقدمہ لڑنے کے لئے چندہ طلب کیا اور قائداعظم کے انکار پر وہ کانگرس کے اتحادی بن گئے۔ مجلس احرار اسلامی کے رہنما عطاء اللہ شاہ بخاری اور چوہدری افضل حق کی قیادت میں مسلم لیگ کی مخالفت کی۔ مجلس احرار ہندوستان کی آزادی اور اسلامی نظام کے نفاذ کے لئے جدوجہد کر رہی تھی اس نے کانگرس کا ساتھ دیا۔

خدائی خدمتگار (ریڈ شرٹ) خان عبدالغفار خان جو خیبر پختونخواہ میں بااثر تھے اور مہاتما گاندھی سے متاثر تھے۔ قیام پاکستان کے سخت مخالف تھے۔ خان عبدالغفار خان کو ''سرحدی گاندھی'' کے نام سے بھی یاد کیا جاتا تھا۔ خدائی خدمتگار تنظیم کا بنیادی سیاسی فلسفہ انسانیت کی خدمت اور عدم تشدد تھا۔ علامہ عنایت اللہ مشرقی کی سربراہی میں قائم کی گئی ''خاکسار تحریک'' بھی مسلم لیگ کی نظریاتی مخالف تھی۔ ''خاکسار'' اسلامی روایات کے احیاء کے لئے جدوجہد کرتے تھے۔ خاکسار تحریک کے ترجمان جریدے الاصلاح (لاہور) نے پنجاب میں مسلم لیگ کی ڈٹ کر مخالفت کی۔ جماعت اسلامی جس کے بانی مولانا ابوالاعلیٰ مودودی تھے دو قومی نظریے کے حامی تھے مگر مسلم لیگ کے مخالف تھے......

(نوائے وقت لاہور 22 نومبر 2014ء)

فکری سوتے اب خشک ہو چکے

جناب خورشید ندیم نے اپنے کالم تکبیر مسلسل میں زیر عنوان ''ذرا ٹھہریئے'' میں جماعت اسلامی کے سالانہ اجتماع کا پروگرام دیکھ کر تحریر کیا۔

احساس ہوتا ہے کہ اجتماع سے قبل سوچ بچار کا عمل نہیں ہوا۔ میں نے جب اس کا تفصیلی پروگرام دیکھا تو اس میں ایک سیشن بھی ایسا نہیں تھا جو میرے لئے باعث کشش ہوتا۔ جماعت کے صوبائی امراء اور مرکزی امیر کی تقاریر سننے کے لئے، آخر کوئی اتنا طویل سفر کیوں کرے؟ اخوان کے ایک راہنما کے سوا، شاید اس اجتماع میں کوئی بات ایسی نہ تھی جو مجھے اپنی جانب متوجہ کرتی۔ میں اس پروگرام کو دیکھ کر یہ اندازہ نہیں کر سکا کہ ایک اسلامی تحریک عہد نو میں پاکستانی قوم کے لئے کوئی لائحہ عمل تجویز کرنے جارہی ہے۔ پروگرام زبان حال سے پکار پکار کر یہ کہہ رہا تھا کہ جماعت کے فکری سوتے اب خشک ہو چکے۔

(روزنامہ دنیا فیصل آباد 26 جنوری 2015ء)

قائداعظم کی سوچ درست ثابت ہوئی

جناب قیوم نظامی نے قائداعظم کے اتاترک سے متاثر ہونے کی تفصیل بیان کرتے ہوئے لکھا۔

قائداعظم کو اتاترک کی شخصیت کے کئی پہلو پُرکشش نظر آئے۔ اتاترک لباس کے معاملے میں بڑے نفاست پسند تھے۔ قائداعظم کا لباس بھی دیدہ زیب اور پرکشش ہوتا تھا۔ جدید ترقی کا قیام اتاترک کی زندگی کا نصب العین تھا۔ قائداعظم نے مسلمانوں کے لئے جدید جمہوری پاکستان کا حصول اپنی زندگی کا مشن بنایا۔

اتاترک نے کہا'' میں عوامی رائے یا تاثر کے لئے کام نہیں کرتا میں قوم کے لئے اور اپنے اطمینان کے لئے کام کرتا ہوں۔'' قائداعظم بھی بے مثال لیڈر تھے وہ اپنے زمانے کے دوسرے لیڈروں کی طرح عوام کے وقتی اور عارضی جذبے اور جوش سے متاثر نہیں ہوتے تھے بلکہ ان کی نگاہیں منزل مقصود پر رہتی تھیں اور عوامی جذبات کے ٹریپ میں آنے کی بجائے عوام کی راہنمائی کرتے تھے۔ آخر کار عوام بھی تسلیم کرتے کہ قائد کی رائے درست تھی۔ اتاترک نے سیاسی اصولوں کی بنیاد منصوبہ بندی، تنظیم عمل اور بروقت تدابیر پر رکھی تھی۔ قائداعظم کی سیاسی زندگی میں بھی یہی اصول نمایاں نظر آتے ہیں۔ اتاترک کا سب سے بڑا ہتھیار اخلاقی ہتھیار تھا۔ قائداعظم نے بھی اخلاقی ہتھیار سے ہی پاکستان کی جنگ لڑی۔ علامہ اقبال نے کہا تھا قائداعظم کو نہ خریدا جاسکتا ہے اور نہ کرپٹ کیا جاسکتا ہے...... قائداعظم نے تحریک خلافت سے خود کو الگ تھلگ رکھا۔ مذہبی رہنما مہاتما گاندھی کی قیادت میں اکٹھے ہو گئے۔ قائداعظم نے اس موقع پر کہا ''مذہب کو سیاست میں شامل کرنا ایک جرم تھا جس کا مظاہرہ گاندھی نے کیا۔'' اتاترک نے اقتدار سنبھال کر مذہبی امور کی وزارت ختم کردی اور مساجد کے خطبے سے خلیفہ کا نام حذف کر دیا۔ خطبے میں کہا گیا ''اے خدا ہماری ری پبلکن حکومت اور مسلمان قوم کی مدد کیجئے۔ مسلمانوں کی شان و شوکت میں اضافہ فرمائیے اور اسلام کے اس پرچم کو تمام پرچموں میں سربلند کر دیجئے جو جمہوریہ ترکیہ پر سایہ فگن ہے اور ان مسلمانوں کو نبی کریم ﷺ کی زندہ مثال پر اپنی زندگیاں بسر کرنے کی توفیق دیجئے۔'' (اتاترک قوم اور جمہوریہ کا ظہور صفحہ 432) قائداعظم نے اپنے پالیسی خطاب 11؍اگست 1947ء میں مذہب اور مسلک کو ریاست اور سیاست سے علیحدہ رکھنے پر زور دیا تھا اور مولانا شبیر احمد عثمانی کے اصرار اور اسلام پسند رفقاء کے دباؤ کے باوجود مذہبی امور کی وزارت قائم نہ کی۔ قائداعظم وژنری لیڈر تھے ان کو پورا ادراک تھا کہ سیاست میں مذہب شامل کرنے سے انتہا پسندی اور شدت پسندی جنم لے گی۔ قائداعظم کی سوچ درست ثابت ہوئی آج پورا پاکستان مذہبی جنونیت کی لپیٹ میں ہے۔ قائداعظم اسلام کے سنہری اصولوں دیانت، امانت، صداقت شجاعت، عدل و انصاف، برداشت، مساوات، معاشی عدل پر بہت زور دیتے تھے اور چاہتے تھے کہ مسلمان حضور اکرم ﷺ کے اسوۂ حسنہ پر عمل کریں...... پاکستان مسلمانوں کا ملک ہے لہٰذا مذہب سے کسی کو اختلاف نہیں ہے۔ اختلاف مذہب کی اس تعبیر، تشریح اور بیانیہ پر ہے جس نے پاکستان کو لہولہان کر دیا۔

(نوائے وقت لاہور 7 فروری 2015ء)

فکری زوال کا نتیجہ

جناب عطاء الحق قاسمی نے اپنے کالم روزن دیوار میں لکھا۔

کتاب کے مطالعہ کے دوران میں نے اس عروج و زوال کی وجہ جاننے کی کوشش کی تو میں اس نتیجے پر پہنچا کہ ہمارا اجتماعی زوال ہمارے فکری زوال سے شروع ہوتا ہے، جب مسلمان اسلام کی صحیح روح سے آشنا تھے، اس وقت ان کے ذہن کشادہ تھے چنانچہ عروج کے دنوں میں کوئی نظریہ ایسا نہ تھا جسے عقیدہ کی شکل دے کر اس پر بحث مباحثے کے دروازے بند کر دیئے گئے ہوں چنانچہ اس دور میں ایسے ایسے مسائل پر کھلی بحثیں پڑھنے کو ملتی ہیں جن کا ذکر بھی ان دنوں ممنوع ہے، قرآن کے خلق یا مخلوق ہونے کی بحث بھی بغیر کسی فتوے کے ہوتی تھی، معتزلہ اور خوارج کے عقائد بغیر کسی فتنہ و فساد کے پرکھے جاتے تھے اس کے علاوہ بہت سے ''کفریہ'' عقائد ایسے تھے جن پر دونوں طرف کے علماء اپنے اپنے دلائل دیتے تھے اور اس فکری آزادی کا نتیجہ علم کے مختلف شعبوں جن میں سائنس بھی شامل ہے، نئے خیالات اور نئے نظریوں کی صورت میں سامنے آیا۔

باقی صفحہ 7 پر

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 121932 میں Fuadin

ولد Asrapi قوم...... پیشہ کاروبار عمر 45 سال بیعت 1990ء ساکن Manislor ضلع و ملک Indonesia بقائمی ہوش و حواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 29 جنوری 2015ء میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے۔(1) Land 168Sqm اس وقت مجھے مبلغ 10 لاکھ انڈونیشین روپے ماہوار بصورت Busines مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ Fuadin گواہ شد نمبر 1۔ Jamsar گواہ شد نمبر 2۔ Syahir S/O Sukarja Bonen S/O Tohir

مسل نمبر 121933 میں Enung Nuryati

زوجہ Sumarna قوم...... پیشہ خانہ داری عمر 56 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن Neglasari ضلع و ملک Indonesia بقائمی ہوش و حواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 15 مارچ 2015 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے۔(1) Land 9 لاکھ انڈونیشین روپے (2) Haqmahr House 400Sqm (3) 60Sqm اس وقت مجھے مبلغ 5 لاکھ انڈونیشین روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ Enung Nuryati گواہ شد نمبر 1۔ Sumarna S/O Memed گواہ شد نمبر 2۔ A.Surahmat S/O Suhanda

مسل نمبر 121934 میں Abdul Kaffi

